جدید اور بصیرت افروز مباحث و تحقیقات پر مشتمل ہے اور حدیث کے علماء و طلبا کے لیے خاص طور پر لائق مطالعہ ہے۔ یہ دونوں جلدیں تا ختم کتاب الصلوٰۃ ہیں۔ شروع میں فن حدیث اور اس کے متعلقات پر جو ایک مقدمہ ہے وہ بھی ایک مستقل افادیت کا حامل ہے خدا کرے کتاب کے باقی اجزا بھی جلد شائع ہوں۔

معارف الحدیث از مولانا محمد منظور نعمانی تقطیع کلاں۔ ضخامت ۴۹۲ صفحے کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت سات روپیہ:۔ پتہ کتب خانہ الفرقان۔ کچہری روڈ۔ لکھنؤ۔

اس سلسلہ کی پہلی دو جلدوں پر انھیں صفحات میں تبصرہ ہو چکا ہے۔ یہ تیسری جلد ہے جو کتاب الطہارۃ اور کتاب الصلوٰۃ پر مشتمل ہے۔ ترتیب وہی ہے جو سابقہ دو جلدوں کی تھی۔ یعنی پہلے ایک منتخب حدیث اصل عربی الفاظ کے ساتھ۔ پھر اس کا اردو ترجمہ۔ اور اس کے بعد اُس کی تشریح جس میں اس بات کا خیال رکھا گیا ہے کہ قاری کا ذہن فنی بحثوں اور فقہی موشگافیوں میں نہ الجھے اور حدیث کا واضح مطلب اور اس سے متخرج حکم کی تفصیل اس طرح کر دی جائے کہ اس سے احکام کے علم۔ ان کی حکمت اور مصلحت اور اس حکم کے مختلف پہلوؤں کے اور اس کا فائدہ بیش از بیش حاصل ہو سکے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اس مقصد کو پیش نظر کتاب بہمہ وجوہ کامیاب ہے زبان زیادہ شگفتہ سلیس اور انداز بیان دلچسپ و دل نشین ہے۔ غیر عربی داں حضرات بھی اس کتاب کا مطالعہ کر کے احادیث و احکام کا اچھا خاصا علم حاصل کر سکتے ہیں۔ امید ہے ارباب ذوق اس کی قدر

ہندو پاکستان کے دینی و علمی ذوق رکھنے والے حضرات کو اطلاع

آپ حضرات کو یہ معلوم کر کے خوشی ہوگی کہ ہم نے آپ جیسے علم دوست حضرات کی علمی ضرورتوں کے لئے ہندو پاکستان کے تمام علمی اداروں کی مطبوعات کا بندوبست کیا ہے آپ اپنی ہر علمی ضرورت کے لئے رجوع فرمائیے۔

ادارہ فروغ اسلام۔ سعید منزل۔ ۱۶۸، انارکلی لاہور